## سٹاک ایکس چینج کی موجودہ صورتحال اور رسک مینجمنٹ کا جائزہ لینے کے لئے ایس ای سی پی میں اہم اجلاس

اسلام آباد(مارچ 13)موجودہ صورتحال کے تناظر میں سٹاک مارکیٹ میں ٹریڈنگ، رسک مینجمنٹ اور کاروباری تسلسل کے اقدامات کا جائزہ لینے کے لئے سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ ایس ای سی پی کے چیئرمین' عامر خان کی سربراہی میں ہونے والے اجلاس میں ایس ای سی پی کے کمشنر سکیورٹیز مارکیٹ، پاکستان سٹاک ایکسچینج، نیشنل کلئرنگ کمپنی اور سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسرز اور دیگر حکام نے شرکت کی۔

اجلاس کو بتایا گیا کہ رواں ہفتے کے دوران انڈکس مارکیٹ میں ٹریڈنگ کو روکنے والے ہالٹ میکنزم نے تین بار مارکیٹ کی ٹریڈنگ کو عارضی طور پر معطل کیا۔ مارکیٹ کی ٹریڈنگ میں 45 منٹ کے اس وقت کے وقفے نے سرمایہ کاروں کو سوچ سمجھ کو فیصلہ کرنے کا موقع فراہم کیا جبکہ کلئرنگ کمپنی کو مارجن جمع کرنے کے لئے درکار وقت بھی میسر آیا۔ اجلاس کے شرکاء نے اطمینان کا اظہار کیا کہ مارکیٹ میں رسک مینجمنٹ کا سسٹم مستعدی سے کام کر رہا ہے جبکہ ٹریڈنگ ماجن بھی بروقت اکٹھے کئے گئے۔ مجموعی طور پر مارکیٹ کے تمام آپریشن باقاعدگی سے بلا رکاوٹ کام کر رہے ہیں۔

مارکیٹ سے منسلک اداروں' پاکستان اسٹاک ایکسچینج، کلیئرنگ کمپنی اور سینٹرل ڈیپازٹری نے کسی بھی ہنگامی صورتحال میں کاروباری تسلسل کو یقینی بنانے کے لئے تشکیل دی گئی منصوبہ بندی پر بریفنگ دی۔ ایس ای سی پی نے مارکیٹ سے منسلک اداروں کو ہنگامی صورتحال کے لئے منصوبہ بندی کی ہدایات جاری کی تھیں۔

چیئرمین ایس ای سی پی عامر خان نے حصص کی ٹریڈنگ، کلیئرنگ، سیٹلمنٹ اور کسٹڈی سروسز کے تسلسل کو فاصلے سے یا دفتروں میں حاضری کے بغیر جاری رکھنے کے لئے مشقیں کرنے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ ایسی صورتحال جس میں متعلقہ افسران کا دفاتر میں حاضر ہونا مشکل ہو تو متعلقہ حکام/افراد گھروں سے مارکیٹ کی ٹریڈنگ کو یقینی بنا سکیں۔ انہوں نے کروناوائرس کے ممکنہ پھیلاوء کو روکنے کے لئے تمام اداروں میں مزید احتیاطی اقدامات کرنے کی بھی ہدایت کی۔

ایس ای سی پی نے کیپیٹل مارکیٹ سے منسلک تمام اداروں کو مستعد رہتے ہوئے سٹاک مارکیٹ میں بلا روکاوٹ ٹریڈنگ کو جاری رکھنے اور رسک مینجمنٹ کے موثر اقدامات کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے تجویز کیا کہ وہ ہم آہنگی کے لئے اپنے اپنے بورڈ آف ڈائریکٹرز، دیگر منسلک اداروں اور ایس ای سی پی کے ساتھ سے مسلسل رابطہ رکھیں۔

ٹکرز:۔

موجودہ صورتحال میں سٹاک مارکیٹ میں رسک مینجمنٹ کا جائزہ لینے کے لئے اہم اجلاس

ایس ای سی پی کے چیئرمین' عامر خان نے اجلاس کی صدارت کی

اجلاس میں سٹاک مارکیٹ میں ٹریڈنگ، رسک مینجنٹ اور کاروباری تسلسل کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا

اجلاس میں پاکستان سٹاک ایکسچینج، نیشنل کلیئرنگ کمپنی اور سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی کے حکام نے شرکت کی۔

رواں ہفتے کے دوران انڈکس مارکیٹ میں ٹریڈنگ کو روکنے والے ہالٹ میکنزم نے تین بار مارکیٹ کی ٹریڈنگ کو عارضی طور پر معطل کیا۔

مارکیٹ کی ٹریڈنگ میں وقفے نے سرمایہ کاروں کو سوچ سمجھ کو فیصلہ کرنے کا موقع فراہم کیا

ٹریڈنگ میں وقفے کے دوران کلئرنگ کمپنی نے بروقت مارجن اکٹھے کئے۔

سٹاک مارکیٹ میں رسک مینجمنٹ کا سسٹم مستعدی سے کام کر رہا ہے

مجموعی طور پر مارکیٹ کے تمام آپریشن باقاعدگی سے بلارکاوٹ کام کر رہے ہیں۔

پی ایس ایکس، کلیئرنگ کمپنی اور سینٹرل ڈیپازٹری نے ہنگامی صورتحال میں کاروباری تسلسل کو یقینی بنانے کی منصوبہ بندی پر بریفنگ دی۔

مارکیٹ میں حصص کی ٹریڈنگ، کلئیرنگ اور سیٹلمنٹ کو دفتروں میں حاضری کے بغیر جاری رکھنے کی مشقیں کی جائیں؛عامر خان

کروناوائرس کے ممکنہ پھیلاوء کو روکنے کے لئے تمام اداروں میں مزید احتیاطی اقدامات کئے جائیں؛عامر خان

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005